# الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام میں خواتین کے عالمی دن کے موقعہ پر منعقدہ سیمنار۔

7مارچ،2019اسلام آباد۔

محترم جناب چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا خان نے الیکشن کمیشن میں خواتین کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ سیمینار سے اپنے خطاب میں کہا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان خواتین کے انتخابات میں شمولیت کے لیے پر عزم ہے۔ انھوں نے خاص طور پر (GDEWG) گروپ کے ممبران کے کردار جس میں سول سوسائٹی کے ووٹروں کی تعلیم رجسٹریشن اور خاص طور پر خواتین و دیگر پسماندہ گروپس کے کردار کا ذکر کیا۔

الیکشن کمیشن نے خواتین کا عالمی دن منانے کے لیے کمیشن کے سیکرٹریٹ اسلام آباد میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ جس میں نادرا، سول سوسائٹی، صنف کے ماہرین، NCSW، تعلیمی اداروں اور دوسرے پسماندہ گروپس نے شرکت کی۔

دوسرے سپیکرز میں ممبر خیبر پختونخوا (جسٹس) ارشاد قیصر صاحبہ، سیکٹری (NCSW)، پروگرام ہیڈ (TDEA)، UNDP کے نمائندے اور تعبیر کے ٹیم لیڈ شامل تھے۔

سول سوسائٹی کے نمائندگان نے بھی سیمینار سے خطاب کیا۔ جس میں انھوں نے خواتین کو انتخابات کے وقت درپیش مسائل اور خواتین کی سیاسی جمہوری عمل میں شمولیت پر بات کی انھوں نے ECP کے عزم کے تعریف کی اور ووٹر فہرستوں میں خواتین ووٹروں کے تعداد کو مرد ووٹروں کے قریب لانے کی کوششوں کو سراہا